JOIN CITYSCAPE REAL ESTATE

CITYSCAPE
REAL ESTATE LTD., BROKERAGE

KEEP 100% COMMISSION

CALL LILY 905-241-2222
or visit WWW.JOINCITYSCAPE.COM

WEEKLY PAKISTAN POST
THE FIRST, LARGEST AND THE ONLY AUDITED URDU NEWSPAPER WITH DISPENSING BOXES AT STREET CORNERS AROUND THE GTA.

ہفت روزہ پاکستان پوسٹ کینیڈا
باقاعدہ جدید ترین اشاعت شدہ

Volume No. 30
Issue No. 1668
March 20th to March 26th, 2025
Tel: 905-279-5600, Fax: 905-270-0046
1325 Eglinton Ave E., Unit 213, Mississauga, ON L4W 4L9 | Pakistanpost2@bellnet.ca

آرمی چیف کا پاکستان کو ’’وار‘‘ سٹیٹ بنانے کا بیان

طاقت کے زور پر مسئلہ کا حل کرنے کی پالیسی اختیار کرلی گئی

سیاسی و عسکری قیادت کے مشترکہ اجلاس میں ملک میں دہشتگردی کے خاتمے کیلئے غیر معمولی اقدامات کا فیصلہ، اجلاس بذریعہ وزیراعظم کی زیر صدارت ہوا، مگر وزیر آری چیف کا راجناھوں نے نام لئے بغیر عمران پر بدیار تنقید کی

جن قوتوں کیساتھ ملی بھگت سے کام کر نیوالے کسی بھی ادارے، فرد یا گروہ کو پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائیگی، پیکا ایکٹ پر زیادہ شدت کیساتھ عملدرآمد کیا جائے گا

پی ٹی آئی اور قوم پرست جماعتوں بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے اس اجلاس کا بائیکاٹ کیا گیا تھا، پی ٹی آئی نے عمران خان کی پیرول پر رہائی کا مطالبہ کیا تھا، شہباز شریف کی تنقید

دہشتگرد گروہوں کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے غلط استعمال پر تشویش کا اظہار اور روک تھام کیلئے اقدامات پر زور دیا، اپنی سیاسی اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ایک بیانیہ اپنانا ہوگا، آرمی چیف

اسلام آباد (پاکستان پوسٹ) پاکستان میں ایسا بیانیہ جو ملک کو کمزور کرے، ایسی کسی سیاسی اور معاشرتی قوت سے آہنی ہاتھ سے نمٹا جائے گا، ان خیالات کا اظہار آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے ملک میں دہشتگردی کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں وفاقی وزراء، اراکین پارلیمنٹ، سینیٹرز، چیف منسٹرز، گورنرز، سروسز چیفس، کور کمانڈرز، ڈی جی آئی ایس آئی، ڈی جی آئی ایس پی آر اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی، اجلاس کو بتایا گیا کہ 2024 میں دہشتگردی کے واقعات میں 2023 کے مقابلے میں 70 فیصد اضافہ ہوا، 2024 میں دہشتگردی کے 1600 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 700 سے زائد شہری اور سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے، 2025 میں اب تک دہشتگردی کے 400 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 200 سے زائد شہری اور سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے، اجلاس کو بتایا گیا کہ دہشتگرد گروہوں کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا غلط استعمال ہو رہا ہے، ان گروہوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا، ریاستی اداروں کے خلاف نفرت انگیز مواد پھیلانے کے واقعات سامنے آئے ہیں، اجلاس کو بتایا گیا کہ دہشتگرد گروہوں کی جانب سے سوشل میڈیا کا استعمال ریاست کیلئے بڑا خطرہ ہے

سنیتا ولیمز کی خلا سے واپسی، ڈولفنز کا شاندار استقبال

سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور سمیت 9 ماہ طویل خلائی مشن کے بعد بحفاظت زمین پر واپس پہنچ گئے

سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور سمیت 9 ماہ طویل خلائی مشن کے بعد بحفاظت زمین پر واپس پہنچ گئے

بحر اوقیانوس میں اترنے والے خلائی جہاز ڈریگن کے خلاباز 9 گھنٹے کے سفر کے بعد زمین پر قدم رکھنے پر ڈولفنز نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ یہ خلاباز 9 ماہ بعد واپس آئے ہیں۔ ان کا استقبال کرنے کے لیے ڈولفنز کا جھنڈ جمع ہو گیا تھا۔ ان خلابازوں کو لے کر ڈریگن خلائی جہاز بحر اوقیانوس میں اترا۔ اس موقع پر ڈولفنز نے ان کا استقبال کیا۔ ڈولفنز کے جھنڈ نے خلابازوں کو گھیرے میں لے لیا۔ ان کے ساتھ اٹھکیلیاں کیں۔ ان کے ساتھ ساتھ تیرتی رہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ اچھلتی رہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ غوطے لگاتی رہ

www.pakistanpostcanada.com

WEEKLY PAKISTAN POST
THE FIRST, LARGEST AND THE ONLY AUDITED URDU NEWSPAPER WITH DISPENSING BOXES AT STREET CORNERS AROUND THE GTA

ہفت روزہ پاکستان پوسٹ کینیڈا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Volume No. 30
Issue No. 1667

March 13th to March 19th, 2025
Tel: 905-279-5600, Fax: 905-270-0046
1325 Eglinton Ave E., Unit 213, Mississauga, ON
L4W 4L9 | Pakistanpost2@bellnet.ca

محمود خلیل کیس سے گرین کارڈ ہولڈر پریشان، لوگ امریکہ سے باہر سفر سے گریز کرنے لگے

ایک وفاقی جج نے خلیل کو ملک بدر کرنے کی کوششوں کو روک دیا، اس کے باوجود لوگوں میں تشویش پائی جاتی ہے

فلسطینی کارکن محمود خلیل کی ملک بدری روکنے والے جج فرمین کے والد ہے ایک ممتاز ریئل اسٹیٹ ڈویلپر تھے

نیویارک (پاکستان پوسٹ) محمود خلیل کیس سے گرین کارڈ ہولڈر پریشان ہیں۔ ایک وفاقی جج نے خلیل کو ملک بدر کرنے کی کوششوں کو روک دیا ہے، اس کے باوجود لوگوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ وفاقی جج نے خلیل کی ملک بدری روکنے والے جج فرمین کے والد کو یہودی ہونے کی وجہ سے 2015 میں ہولوکاسٹ میموریل آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ (باقی صفحہ 02 پر نمبر 9)

الزام لگایا گیا ہے۔ خلیل نے حماس کی حمایت کی تھی، انکار کیا ہے۔ جج فرمین کے والد رچرڈ انکلسبرگ فرمین کی طرف سے فلسطینی کارکن اور کولمبیا یونیورسٹی کے گریجویٹ محمود خلیل کو ملک بدر کرنے کی کوششیں امریکی حکومت

اچھی صحت، خوبصورتی کی ضامن

آج کی دنیا میں خوبصورتی کا تصور کافی حد تک بدل چکا ہے، اب یہ کہا جاتا ہے کہ ہر صحت مند عورت خوبصورت ہے۔ اچھی صحت کا مطلب ہے، روشن چمکدار رنگت، پرکشش آنکھیں، گھنے صحت مند بال اور قدرتی طور پر ہموار ہونٹ اس حسن کی تکمیل پر ایک اور طرف مائل کرتی ہے۔ صحت مند من کر خوبصورتی کے حصول کیلئے آپ کو مندرجہ ذیل طور پر تھوڑی سی تبدیلی ہوگی۔

گہرا اور بڑا سے آزاد زندگی

پریشانی اور اچھی حسن کی سب سے بڑی دشمن ہیں، ہم سب کی زندگی میں پریشانیوں اور ٹینشن کا آنا رہتا ہے ہیں، ضرورت ہے زیادہ وقت صرف کرنے ہم اپنے مسائل حل کرلیتے ہیں لیکن اس ٹینشن کے باعث ہماری جلد خشک اور بے جان ہو جاتی ہے۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ جاتے ہیں وقت سے پہلے چہرے پر جھریاں نمودار ہو جاتی ہیں اور بال پتلے ہو کر گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔

ٹینشن کے دوران آپ اپنے غصے اور جذبات پر کنٹرول کھو بیٹھتے ہیں اس کی حالت میں خوبصورت چہرہ بھی اپنی کشش کھو بیٹھتا ہے۔

نیند

ٹینشن اور فشار سے چہرے کے پٹھوں پر بھی تھکاوٹ کے ظہور پر اثر انداز ہوتے ہیں اور آنکھوں کے گرد حلقے پڑ جاتے ہیں، اس سے بچنے کی خاطر ہمیں اپنی سوچ میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ زندگی کے بارے میں مثبت خیالات کو ذہن سے آگے بڑھنے کا موقع دینا ہوگا اگر آپ کسی مسئلے سے دوچار ہیں تو پریشان ہونے کے بجائے بیٹھ کر سکون سے اس کی وجوہات کو تلاش کریں اور پھر حل تلاش کرنے کے بعد اس مسئلے کو ذہن سے ہمیشہ کیلئے نکال کر پرسکون ہو جائیں۔ ٹینشن اور پریشانی آپ کی عمر کو تیزی سے کم کرتی ہیں۔

اگر کسی وجہ سے ٹینشن ختم نہیں ہو رہی اور آپ کی کوشش کے باوجود اس سکون سے دور ہو تو کسی اچھی کتاب کا مطالعہ کریں اس طرح نہ صرف آپ اپنی شخصیت میں مثبت اثرات محسوس کریں گی بلکہ ذہنی سکون بھی حاصل ہو سکے گا۔ اس طرح آپ کے چہرے پر زیادہ چمک پیدا ہو جائے گی۔ زندگی کی چھوٹی چھوٹی کامیابیوں سے خوشی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ ہر وقت شکوے نہ کریں، محسن کا راز ادی میں مضمر ہے۔

پرسکون اور پوری نیند

چہرے پر تازگی اور شادابی برقرار رکھنے کیلئے ہمیں روزانہ 6 سے 8 گھنٹے گہری نیند سونا ضروری ہے۔ پرسکون نیند کے دوران چہرے کے پٹھے پھیلتے ہیں اور جلد مکمل آرام لیتی ہے۔ دوسرے دن صبح تازگی جلد پر نئے اور تازہ خلیے آئیں گے۔ گہری نیند کی وجہ سے موجودگی میں تمام چہرے کی جلد خشک اور بے جان ہو جاتی ہے۔ پھر پرسکون نیند کیلئے ضروری ہے کہ تم سونے سے پہلے اپنا ذہن خرابوں کے دروازے سے باہر چھوڑ دیا کریں۔

خوراک

ایسی خوراک جس میں تمام غذائیت پوری طرح سے موجود ہو، ہمارے جسم کیلئے بہت ضروری ہے۔ پرہیز میں بھی بہت ضروری ہے۔ دالیں، لوبیا، مونگ مکمل، کھٹے میوے اور سبزیاں ہمارے جسم کیلئے بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔

دودھ اور دودھ سے تیار ہونے والی تمام ہی چیزیں ہمارے جسم کیلئے بہت ضروری ہیں ان میں اہم معدنیات کا ربونیٹ رشس اور پوٹاشیم بھی پائی جاتی ہے۔ جن کی ہمارے جسم کو ضرورت ہے۔ پھل اور سبزی بھی ہمارے جسم کو کاربوہائیڈریٹ فراہم کرتے ہیں۔ کھٹے اور صحت مند بالوں کیلئے وٹامن اور پروٹین سے بھرپور غذا کھانے کی ضرورت ہے۔

تازہ سبزیاں اور پھل، ہماری خوراک کا بڑا حصہ ہونا چاہئے۔ سبزیوں اور پھلوں میں موجود ریشے ہمارے کام ہضم کو درست رکھتے ہیں وہ ریشے جو ہمارے جسم کو چھدرا جلد اور گھنے چھدرا جسم جیسے بالوں کیلئے بہت اہم ہے۔ پانی ہماری جلد کی کو برقرار رکھنے میں وہ دریچے کی مدد کرتا ہے۔ پانی کی کمی ہمارے جسم میں بھی مضاعفت کرتا ہے اور جسم کے اندر موجود ہر بیماریوں کو خارج کرنے میں بھرپور مدد دیتا ہے۔

صحت مند جلد کیلئے وٹامن اے کی بھی ضرورت ہے۔ وٹامن اے کے بھرپور ماخذ ہرے اور زرد رنگ کا پھل، کھمن اور دودھ ہیں۔ بہت زیادہ فولاد کی ہوئی غذا اور بہ غذاؤں کے کھانے سے اجتناب کریں۔

جلدی دیکھ بھال

قدرتی طور پر چمکدار اور چکنی جلد کے لئے قدرتی بھی سیف آپ ہمیں خوبصورت نہیں بنا سکتا اور اس کیلئے ہمیں جلد کی مناسب دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔ ہماری جلدی سب سے اہم ضرورت اس کی صفائی ہے۔ مناسب صفائی کے بغیر جلد پر داغ دھبے نمودار ہونے اور پمپلز نکل آنے کا خطرہ ہے جن کے باعث جلد بے جان اور گرد سے بھری ہوئی دکھائی دیتی ہے۔

اس سے بچنے کیلئے دن میں دو بار نیم گرم پانی سے چہرہ دھوئیں اور تولیے سے تھپتھپا کر خشک کریں پھر کسی اچھے فیس واش سے چہرہ کو دھوئیں اس طرح جلد کے مسامات صاف ہو جاتے ہیں اور جلد تازگی محسوس ہوتی ہے۔

اپنی جلد کی مناسبت سے موئسچرائزر لگائیں۔ مناسب طریقے سے موئسچرائزر لگانے سے جلد لمبے عرصے تک ملائم اور جوان دکھائی دیتی ہے۔

پکوان

کریمی فروٹ سیلڈ

اجزاء:

کیلا.....آدھا کپ
آڑو.....آدھا کپ
آلو.....آدھا کپ
پائن ایپل.....1 کپ
کریم.....آدھا کپ
نیلا رنگ.....ایک چائے کے چمچ
شوگر.....2 کھانے کے چمچ
وائٹ مرچ.....آدھا چائے کے چمچ
سلاد کے پتے.....سجاوٹ کے لیے
ذوالی.....1 عدد
کھیرا.....1 عدد
نمک.....حسب ذائقہ

ترکیب:

نیلا رنگ اور کریم کو یہ میں ملا لیں۔ ایک پاؤل میں پائن ایپل کریم، شوگر، وائٹ مرچ ملائیں۔ پھر نیلا رنگ اور کریم شامل کر کے مکس کر لیں۔ اب پھل سے پھل ڈال کر آہستہ آہستہ مکس کر لیں۔ ایک پلیٹ میں سلاد کے پتے بچھا کر اس پر پھل بازار طرف میں ڈالیں اور درمیان میں کریمی فروٹ سیلڈ ڈال دیں۔

سرسوں گوشت

اجزاء:

قیمہ.....میں گرام
ہلدی.....آدھا چائے کا چمچ
پیاز کوٹی ہوئی.....دو سو گرام
گوشت کی چھوٹی بوٹیاں.....چار سو گرام
فرائیڈ سرسوں کا ساگ.....سو گرام
ہلدی، لال مرچ.....ایک چائے کا چمچ
کوٹی ہوئی.....دو چائے کے چمچ
کٹا ہوا ادرک.....دو کھانے کے چمچ
کٹی ہوئی ہری مرچ.....دو کھانے کے چمچ
نمک.....حسب ذائقہ
سرخ مرچ، لال مرچ.....ایک ایک چائے کا چمچ
کٹا ہوا ٹماٹر.....آدھا کھانے کا چمچ

ترکیب:

ساگ میں نمک، ادرک، ہلدی، کاٹ کر ہوئی مرچیں اور ایک چائے کا چمچ پیاز ملا کر ابال لیں۔ ساگ کو ٹھنڈا کر کے پانی میں نمک ڈال کر پیس لیں۔ ساگ گل جائے تو آٹا بنا کر رکھیں۔ اب ایک ساس پین میں گھی گرم کریں۔ کوٹی ہوئی پیاز اور ہلدی ڈال کر کچھ دیر بھونیں۔ قیمہ ڈال کر بھونیں۔ جب قیمہ گل جائے تو اس میں ادرک، لہسن، پیاز اور سبز مرچ شامل کریں۔ تھوڑا سا پانی ڈال کر پکائیں۔ جب قیمہ خشک ہو جائے تو اس میں گوشت اور نمک شامل کریں۔ دس منٹ تک بھونیں۔ اور پھر پانی شامل کر کے دیگ شامل کر دیں۔ ڈھکن بند کر کے گوشت گلنے تک پکائیں۔ گوشت گل جائے تو اس میں ساگ شامل کر کے اچھی طرح بھون کر اتار لیں۔ گرم گرم پیش کریں۔

قیمہ اور مٹر پلاؤ

اجزاء:

چربے مٹر کے دانے.....آدھا کلو
چاول.....آدھا کلو
زیرہ.....ایک چائے کا چمچ (ثابت ہو)
لہسن.....ایک چائے کا چمچ (پسا ہوا)
پیاز.....دو عدد
دہی.....دو چائے کے چمچ
کیوڑہ عرق گلاب.....حسب منشاء
قیمہ.....ایک پاؤ
گھی.....ایک پیالی
ادرک (پسی ہوئی).....دو انچ کا ٹکڑا
گرم مصالحہ.....حسب منشاء
لونگ.....تھوڑا سا
نمک.....حسب ضرورت
زیرہ.....حسب ضرورت

ترکیب:

لہسن، ادرک، گرم مصالحہ اور پیاز کو یہ کر گھی میں لونگ، بڑیر کا ٹکڑا، زیرہ کا تھار دے کر اس میں بھونیں۔ اور پھر مٹر کے دانے اور قیمہ ڈال کر بھونیں۔ پھر ہری مرچ بھی شامل کریں۔ پھر پانی ڈال کر پکائیں کہ قیمہ اور مٹر کے دانے گل جائیں۔ اس کے بعد چاول جو ایک گھنٹہ پہلے سے بھگوئے تھے، ڈال کر تلہ اور تھوڑا پانی اور ڈال کر پکائیں۔ اور جب چاول گلنے کے قریب ہوں تو دم پر لگا دیں۔ تیار ہو جائیں۔ تو کیوڑہ عرق گلاب کا عرق چھڑک کر اتار لیں۔

جلد نکھارنے کیلئے خاص ڈائٹ پلان

یہ بات روز روشن کی طرح عیاں کر آپ اپنے چہرے کو بارونق اور جاذب نظر بنا سکتی ہیں

ناشتہ: ایک گلاس دودھ، ایک چمچ شہد، مغز کے ٹکڑے (سیب اور انگور کے لیے) سیب اور انگور دی۔

دوپہر کا کھانا.....سبزیوں کا سلاد

رات کا کھانا.....سوکھم جھینگے 200 گرام، بیکڈ آلو، ایک کھلی اسپغول بھونے ایک سلائس

ہائی ٹی ان

ناشتہ.....ایک گلاس دودھ، انگور، سیب اور کوئی بھی پھل، دہی میں ڈال کر فروٹ کریلیں اور ایک چمچ شہد شامل کر کے کھائیں۔

دوپہر کا کھانا.....دو باؤل فرنچ فرائز، دو سلائس، ایک کھلی اسپغول

مارننگ اور گرل کیے ہوئے مشروم اور لہسن۔

رات کا کھانا.....استر فرائی سبزیاں اور بیکڈ سالمن یا مچھلی

ہیلتھ ان

ناشتہ.....ابلے ہوئے انڈوں کا سفید حصہ، ایک گلاس دودھ، ایک آڑو اور تین عدد بادام۔

دوپہر کا کھانا.....ایک پیالہ پاستا (قیمہ، چکن یا سبزیوں سے بنا ہو)

رات کا کھانا.....گھی میں گرل کی ہوئی اور خوب سارا سلاد (کھیرا، ٹماٹر، پیاز، کیپسکم آلو اور مٹر)

ٹیسٹ ان

ناشتہ.....تین انڈوں کا آملیٹ، ایک سلائس، گرم پیٹ فروٹ یا برگی (بی جھرکا استعمال لازمی کرنا ہے۔ ایک دن میں دو بار اسٹیک کی صورت میں تولیف دی اور بیٹر کا استعمال کر سکتی ہیں۔

پیٹاون

ناشتہ.....استرابیری اسموتی

دوپہر کا کھانا.....گرلڈ کاسپ اور براؤن ٹاپل روٹی کا ایک سلائس، مارجرین لگا ہوا۔

رات کا کھانا.....ابلا ہوا گوشت، ابلی ہوئی سبزیاں اور چھدرا چوسے ابلے ہوئے آلو

دوسرا دن

ناشتہ.....چالیس گرام کارن فلیکز، ایک گلاس دودھ، ایک آڑو اور تین عدد بادام۔

دوپہر کا کھانا.....ایک پیالہ پاستا (قیمہ، چکن یا سبزیوں سے بنا ہو)

رات کا کھانا.....ابلا ہوا گوشت، ابلی ہوئی سبزیاں اور چھدرا چوسے ابلے ہوئے آلو

ہائی ٹی ان

ناشتہ.....ایک پیالہ دلیہ، ایک چمچ شہد، مغز کے ٹکڑے (سیب اور انگور کے لیے) سیب اور انگور دی۔

دوپہر کا کھانا.....سبزیوں کا سلاد

رات کا کھانا.....سوکھم جھینگے 200 گرام، بیکڈ آلو، ایک کھلی اسپغول بھونے ایک سلائس

ہائی ٹی ان

ناشتہ.....ایک گلاس دودھ، انگور، سیب اور کوئی بھی پھل، دہی میں ڈال کر فروٹ کریلیں اور ایک چمچ شہد شامل کر کے کھائیں۔

دوپہر کا کھانا.....دو باؤل فرنچ فرائز، دو سلائس، ایک کھلی اسپغول

مارننگ اور گرل کیے ہوئے مشروم اور لہسن۔

رات کا کھانا.....استر فرائی سبزیاں اور بیکڈ سالمن یا مچھلی

ہیلتھ ان

ناشتہ.....ابلے ہوئے انڈوں کا سفید حصہ، ایک گلاس دودھ

دوپہر کا کھانا.....سوکھی دال (ابلی ہوئی) ایک پیالہ۔

رات کا کھانا.....سالمن مچھلی، ایک پیالہ سلاد

ساتواں دن

ناشتہ.....سالمن فرائی ایک چمچ

دوپہر کا کھانا.....ابلا ہوا انڈا

رات کا کھانا.....گوشت بھنی ہوئی یا گھی میں بھنی ہوئی سبزیوں اور سلاد کے ساتھ

ان سات روزہ متوازن غذا میں آپ اپنی جلد میں واضح فرق محسوس کریں گی۔

ضرورت برائے کیئر گیور

مسی ساگا میں عمر رسیدہ خاتون کی دیکھ بھال کے لیے ایک ایسی کیئر گیور کی ضرورت ہے جو مریضہ کے ساتھ رہ سکے۔ امیدوار کو رہائش مہیا کی جا سکتی ہے۔

امیدوار کی ذمہ داریوں میں مریضہ کی معمول کی دیکھ بھال، صحت میں آنے والی تبدیلیوں پر نظر رکھنا، نہلانے اور لباس تبدیل کرنے جیسے ذاتی امور، وقت پر دوائی کھلانا اور پٹیاں بدلنا اور اہل خانہ کو مریضہ کی دیکھ بھال کے حوالے سے رہنمائی دینا شامل ہوگا۔

امیدوار گھریلو مریضوں کی دیکھ بھال یا ملتے جلتے کام کے تجربے، مثبت اور برد بار رویے، لوگوں سے بہتر تعلق بنانے، کام کے دباؤ کو برداشت کرنے اور بہترین تحریری اور زبانی بول چال کی صلاحیتوں کا حامل ہو۔

مزید معلومات کے لیے عمر فاروق سے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں:

416-529-4856

WE PROVIDE COMPLETE ACCOUNTING SOLUTIONS
(Personal & Corporate)

ACCOUNTING

BOOKKEEPING

TAXATION

BUSINESS

Get in touch with us today for
Fast, Dependable and Accurate Accounting Services
(personal & corporate)
& Save up to 40%

Irfan Siddiqui (Director)
irfans@hawksgroups.com

HAWKS MANAGEMENT GROUP
ACCOUNTING . BOOKKEEPING . TAXATION . CONSULTING

Head Office: 301C-3050 Confederation Pkwy Mississauga ON L5B3Z6
Tel: 905-290-9013 or 416-508-0512

JOURNEY OF A LIFE TIME

ISRAEL, JORDAN and TURKEY
Visit: Tel Aviv, Jerusalem, Hebron, Jericho, Bethelem, Kirk, Amman, Dead Sea, Petra, Istanbul, Blue Mosque, Konya and much more....
Group departure: From FEB 19 to FEB 29, 2020

CA 3790/-
Per person including all taxes

Rare opportunity to offer Friday prayer in Al-Aqsa Mosque

Trip Highlights: Jerusalem: Masjid-e-Aqsa, Dome of Rock, wailing wall, Bethlehem: Nabi Yunus, , Omar Mosque, Solomon's Pool. Hebron: Al-Haram Al-Ibrahimi Jericho and Nabi Mousa, Dead Sea etc. Petra: 2000-year-old monument carved in rock, Amman: Cave of seven sleepers (Kahaf), Qasr el Azraq, the blessed tree, Istanbul: Top Kapi Palace, Blue Mosque, Hagia Sophia. Konya: Tomb of Maulana Romi and Whirling darwesh.
Detailed itinerary available upon request. LIMITED SEATS AVAILABLE

Tel: 905-279-7786
HAJEEJ INTERNATIONAL INC.
1185 Dundas Street East, Suite-214, Mississauga-ON Canada L4Y 2C6
E-mail: YYZ@hajeej.com Website www.hajeej.ca
Contact us for ALL your travel needs

tico.ca IATA HAJEEJ INTERNATIONAL

Return Air fare to Karachi
CA$ 1200/-
*from Montreal

Umra Package 5 Nights
CA$ 1450/-
Return ticket + Hotel + Visa
*conditions apply

CA$ 1325/-
Return air fare to Jeddah and One Year Multiple visa
*conditions apply

We are approved Umra Agents from Saudi Embassy Ottawa and Saudi Ministry of Hajj and Umra Saudi Arabia. Contact us for processing all types of Saudi Visas. Also, we offer very competitive rates for hotels in Makkah and Madinah and guaranteed transport services with meet and assist. *We can book train tickets on High speed Harmain Railway from Jeddah / Makkah / Madina etc.*

PIA ETIHAD AIRWAYS AIR CANADA Emirates Emaan Jan Fly with Friends

لندن چیمپئن لیگ میچ جیتنے پر ریئل میڈرڈ فٹ بال ٹیم کے کھلاڑی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائر، پاکستان میں میچز کا شیڈول جاری

اپنے 9 سے 19 اپریل تک لاہور میں ہوگا، میچز قذافی سٹیڈیم میں کھیلے جائینگے

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائر کے میچز کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ایونٹ 9 سے 19 اپریل تک لاہور میں ہوگا، میچز قذافی سٹیڈیم اور راولپنڈی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ میں کھیلے جائیں گے، اس میں 6 ٹیمیں شرکت کریں گی، 15 میچز مشتمل ہیں ایک فائنل کا ورلڈ کپ ہوگا، اس میں چار اہل کھیرز پاکستان، بنگلہ دیش، ویسٹ انڈیز، آئرلینڈ شامل ہیں، ایونٹ کی تھائی لینڈ حصہ نہیں لے گی، 2 کوالیفائی ٹیمیں بھارت میں ہونے والے ایونٹ کی آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ 2025 کے لئے کوالیفائی کریں گی جو 4 ٹیمز اور 6 میچز کے ساتھ 6-2 ٹیمیں آسٹریلیا، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کی ٹیمیں براہ راست ورلڈ کپ میں جگہ بنا چکی ہیں، ساتویں سے دسویں نمبر پر رہنے والی ٹیموں کو کوالیفائر میں اچھا کھیلنے کا موقع ملا ہے۔ اس کے علاوہ آئی سی سی ویمنز نوعمری آئی ٹیم رنکنگ میں 28 اکتوبر 2024 کے مطابق بہترین ریک رکھنے والی دو بہترین ٹیمیں تھائی لینڈ اور اسکاٹ لینڈ بھی شامل ہیں۔ ورلڈ کپ کے افتتاحی دن پاکستان کا مقابلہ آئرلینڈ سے قذافی سٹیڈیم میں ہوگا جبکہ ویسٹ انڈیز اور اسکاٹ لینڈ کی ٹیمیں اہل ہی ایک گراؤنڈ میں آمنے سامنے ہوں گی۔ اس لیگ میں کل 15 میچز کھیلے جائیں گے، ان میں سے پاکستان اپنے ہوم گراؤنڈ میں 7 میچز کھیلے گا جبکہ فائنل 14 اپریل کو قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اس طرح بنگلہ دیش اور ویسٹ انڈیز کی ٹیمیں 17 اپریل کو اہل ہی اسی گراؤنڈ میں آمنے سامنے ہوں گی۔

انڈین پریمیئر لیگ میں ممبئی انڈینز اور گجرات ٹائٹنز کے مابین میچ کا ایک منظر

ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی

اسلام آباد (این این آئی) ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی، نیشنل فیلڈ مین کیٹ ٹائٹل بھی اپنے نام کیا، ایونٹ میں 2 درجے سے زائد ٹیموں نے حصہ لیا، پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن اور سیکرٹری جنرل محمد حسین بھٹہ نے ٹیبل اویارڈ اور انعامات تقسیم کئے، کرشمہ شبیر لیڈیز سنگلز کیٹ جیتنے میں کامیاب رہیں، ایف سی باؤلنگ کلب جیتنے کا کوئٹہ ہاں، ایف سی ان مرکز، اسلام آباد میں کھیلی گئی چیمپئن شپ میں ایاز الرحمٰن نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے اپنے حریف زکوکشت دے کر 379 پن فال کے ساتھ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ فیضان 341 پن فال کے ساتھ دوسرے اور سلیم ٹیک 301 پن فال کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔

شاہ باب خان نے کون ہی کارکردگی کا میرٹ پر ٹیم میں جگہ بنائی، احمد شہزاد

کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹیم کے سابق کپتان اور اوپنر احمد شہزاد نے نجی ایونٹ کے خلاف پہلی ٹوئٹی میچ میں شاہد خان کی کارکردگی پر شدید تنقید کی ہے۔ ٹی ٹوئٹی ورلڈ کپ 2024 کے بعد سے پاکستانی اسکواڈ سے باہر رہنے والے آل راؤنڈر شاہد خان نے پاکستانی ٹی ٹوئٹی اسکواڈ میں شمولیت پر سوال اٹھانے ہوئے موقف دیا ہے کہ پچھلے کچھ سالوں سے وہ ٹیم کے آل راؤنڈر نے کوئی پرفارمنس نہ پیش کی بنیاد پر ٹیم میں جگہ بنائی، احمد شہزاد نے نجی ایونٹ کے خلاف پہلے ٹی ٹوئٹی انٹرنیشنل میں بطور بیٹسمین صرف 3 رنز بنانے پر پویلین لوٹنے جبکہ بالنگ میں دو اوورز کرانے اور کوئی وکٹ لینے میں ناکام رہنے پر کہا۔

سابق بھارتی کرکٹر آکاش چوپڑا بھی صاحبزادہ فرحان کی جارحانہ بیٹنگ کے گن گانے لگے

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر آکاش چوپڑا بھی قومی ٹیم کے نوجوان بیٹ باز صاحبزادہ فرحان کی جارحانہ بیٹنگ کے گن گانے لگے۔ آکاش چوپڑا نے سوشل میڈیا پوسٹ میں صاحبزادہ فرحان کی جارحانہ بیٹنگ کی تعریف کی اور شکایت کی ظاہر پاکستان ٹیم میں شامل کرنے کی اہمیت بارے پر سوال کیا، انہوں نے کہا کہ کیا زبردست بیٹنگ کی اور 114 رنز بنا دیئے، کیا ایسے بلے باز کو پاکستان کے ٹی ٹوئٹی اسکواڈ میں شامل ہونے کی کوئی اہمیت نہیں ہے، فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم میں 182 رنز کے تعاقب میں صاحبزادہ فرحان نے اننگز کا آغاز کیا، صدمات کے ساتھ صاحبزادہ فرحان نے اننگز کا شاندار آغاز کیا، صدمات نے اننگز کا اختتام کیا، صاحبزادہ فرحان جارحانہ انداز میں کھیلتے رہے۔

وردن چکرورتی نے ٹیسٹ کرکٹ میں عدم دلچسپی کی وجہ بتادی

کراچی (این این آئی) بھارتی اوپنر وردن چکرورتی نے ایک انٹرویو میں ٹیسٹ کرکٹ کے لیے 3 بڑی وجوہات بتا دیں، انہوں نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں 70 تا 80 کے 20 یا 30 اوورز کرانا تھکا دیتے ہیں اور میں ایسی ٹیموں کا حصہ نہیں بننا چاہتا جو 10 سے 15 اوورز کرواتی ہو، میں زیادہ سے زیادہ 10 سے 15 اوورز کروا سکتا ہوں۔ وردن چکرورتی نے کہا کہ اگر مجھے ٹیسٹ کرکٹ میں بھی دیگر ٹیموں کی طرح باؤلنگ کرنے کے انداز اس فارمیٹ کے لیے موزوں نہیں ہے۔

ڈوپی کھلاڑی میر ایلنڈر یا نے انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن کی پابندی ختم

ٹینس کھلاڑی میر ایلنڈر یا نے اٹھارہ ماہ بعد ٹینس فورمیٹ میں واپسی کا اعلان کیا

لیتھوانیا (این این آئی) روس کی ٹینس اسٹار ٹینس کھلاڑی میر ایلنڈر یا نے اٹھارہ ماہ بعد ٹینس فورمیٹ میں واپسی کا اعلان کیا ہے، میر ایلنڈر یا نے کہا کہ وہ میرا ڈیونا ٹینس ٹورنامنٹ میں واپسی کریں گی، 2023 میں ڈوپنگ کی خلاف ورزی کے بعد انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن نے میر ایلنڈر یا پر 18 ماہ کی پابندی عائد کی تھی، پابندی کی مدت 4 مارچ کو ختم ہوگئی ہے، میر ایلنڈر یا نے کہا کہ میں ٹینس کھیلنے کے لیے بہت پرجوش ہوں، میں نے اپنی زندگی کے 20 سال ٹینس کھیلنے میں گزارے ہیں، میں ٹینس کھیلنے کے لیے بہت پرجوش ہوں، میں نے اپنی زندگی کے 20 سال ٹینس کھیلنے میں گزارے ہیں، میں ٹینس کھیلنے کے لیے بہت پرجوش ہوں، میں نے اپنی زندگی کے 20 سال ٹینس کھیلنے میں گزارے ہیں۔

حقیقی طور پر آزاد محسوس کر رہے ہیں' 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ والے آسٹریلوی نوجوان کی انگلش

سڈنی (این این آئی) 17 سالہ آسٹریلوی ہیرو نتھنیل گاڈلے نے اس سال دنیا میں مردوں کی 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ لگائی اور کہا ہے کہ وہ حقیقی طور پر آزاد محسوس کر رہے ہیں۔ فرانسیسی نیوز ایجنسی اے ایف پی کے مطابق نوجوان ہمپر سن اس وقت تنہائی اور اب اس نے 16 سال کی عمر میں اب تک کی تیز ترین دوڑ لگائی۔ اس نے 20.04 سیکنڈ میں اسی عمر میں یوسین بولٹ کے ریکارڈ کو توڑ دیا۔

بابر اعظم بڑا پلیئر ہے، بیڈ پیچ سب پر آتا ہے، انضمام الحق

لاہور (این این آئی) سابق کپتان انضمام الحق نے کہا ہے کہ بابر اعظم بڑا پلیئر ہے، بیڈ پیچ سب پر آتا ہے، قومی کھلاڑی ہیں، ہمیں ان کا ساتھ دینا چاہیے، ہم ایک ٹیم ہے، انفرادی کرکٹرز کی بجائے ٹیم کی بات کرنی چاہیے، ہمیں میڈیا سے تنقید نہیں کرنی چاہیے، ہمیں ایک ٹیم کی طرح کھیلنا

www.pakistanpostcanada.com

ہفت روزہ
پاکستان پوسٹ

پانی: ایک نیا بحران!

آبی ذخائر کے ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں ہر سال ذخیرہ نہ کیے جانے کے باعث ساڑھے تین کروڑ ایکڑ فٹ بارشی پانی سمندر کی نذر ہو جاتا ہے اور مستقبل میں آبپاشی اور عام استعمال تو کیا، پینے کے پانی کا بھی بحران پیدا ہو سکتا ہے۔ اس مسئلے پر فوری توجہ نہ دی گئی تو وہ وقت دور نہیں جس کے بارے میں گزشتہ دو دہائیوں سے آبی ماہرین خبردار کرتے چلے آئے ہیں کہ لوگوں کو نگین صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس کے لیے حکومت کو موثر منصوبہ بندی کرنی چاہئے۔ ماہرین کے اندازوں کے مطابق زمین سے سالانہ 65 ارب کیوبک فٹ پانی نکالے جانے کے باعث اس کی سطح مسلسل دی سال ایک میٹر نیچے جا رہی ہے۔ زیر زمین پانی ری چارج کرنے اور کم لاگت والے ذخیرے بنانے کی تجاویز ریکارڈ پر موجود ہیں، ضرورت صرف ان پر عمل کرنے کی ہے۔ فی الحقیقت بے حساب بارشی پانی تریلا اور منگلا ڈیم کو بھرنے کیلئے کافی ہے لیکن ہر سال بہہ جانے کی وجہ سے ملک کو اربوں روپے سالانہ کا نقصان ہو رہا ہے۔ اس رقم سے نئے آبی ذخائر بنا کر یہ مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے۔ واٹر مینجمنٹ ماہرین کا کہنا ہے کہ ضائع ہو جانے والا پانی موجودہ منگلا اور تربیلا ڈیم کو بھرنے کیلئے کافی ہے لیکن ہر سال بہہ جانے کی وجہ سے ملک کو اربوں روپے سالانہ کا نقصان ہو رہا ہے۔ اس رقم سے نئے آبی ذخائر بنا کر یہ مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے۔ واٹر مینجمنٹ ماہرین کا کہنا ہے کہ ضائع ہو جانے والا پانی موجودہ منگلا اور تربیلا ڈیم کو بھرنے کیلئے کافی ہے لیکن ہر سال بہہ جانے کی وجہ سے اس مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے۔ 2022 میں ہونے والی شدید بارشوں کے بعد 2023 میں مجموعی طور پر معمول سے 16 فیصد زیادہ بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ 2024 میں یہ اضافہ 24 فیصد زیادہ تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمینی پانی کو ری چارج کرنے کیلئے بارشی پانی کا استعمال خاطر خواہ مثبت نتائج کا حامل ہو سکتا ہے۔ آبادی میں اضافے کی وجہ سے شہری علاقوں میں گزشتہ 5 سال کے دوران روزمرہ استعمال کے لیے پانی کی ضرورت 4 ملین ایکڑ فٹ سے بڑھ کر 10 ملین ایکڑ فٹ ہو گئی ہے، جو کہ ریسٹرکچر نہ ہونے کی وجہ سے اس کی سطح تیزی سے نیچے جا رہی ہے۔ پاکستان کی مجموعی آبادی میں سے 25 فیصد دس بڑے شہروں میں رہ رہی ہے۔ اس میں سے کراچی میں سالانہ 6.87 ایچ، لاہور 37، اسلام آباد 31.13 اور کوئٹہ میں 19.6 ایچ بارش ہوتی ہے۔ ان شہروں میں صوبائی حکومتوں کی طرف سے بارش پانی محفوظ کرنے کا کوئی انتظام نہیں، جو ترقی یافتہ ممالک کا معمول ہے۔ ایسی صورتحال میں جبکہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح ڈیڈ لیول تک پہنچ گئی ہے اور اس کا اخراج بند ہو گیا ہے، ادھر تربیلا ڈیم میں پانی ڈیڈ لیول سے صرف تین فٹ اونچا رہ گیا ہے، جو آئندہ 36 گھنٹے میں آخری سطح پر پہنچنے کا خدشہ ہے، بارشی اور سیلابی پانی ذخیرہ کرنے کے انتظامات کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ نئے آبی ذخائر تعمیر کر کے اس صورتحال پر قابو پایا جا سکتا ہے لیکن سیاسی، مالی یا تکنیکی مسائل کو جواز بنا کر اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔ اول تو پاکستانی معیشت کا دارومدار زراعت پر ہے، جو پانی کا مانگتی ہے، پھر عام روزمرہ کے استعمال کیلئے بھی وافر مقدار میں اس کی ضرورت ہے اور اس سے بھی زیادہ پانی پینے کیلئے چاہئے، مگر آبی ذخائر پر کوئی توجہ نہ دینے کے باعث خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ خدانخواستہ ایک وقت ایسا بھی آ سکتا ہے جب لوگ پینے کے پانی کی تلاش میں مارے مارے پھریں گے۔ حکومت کو اس سے بیشتر نئے آبی ذخائر بنانے اور بارشی پانی محفوظ کرنے کیلئے موثر منصوبہ بندی کرنی چاہئے۔ زیر زمین پانی ری چارج کرنے اور کم لاگت کے ذخیرے بنانے سے یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ کالا باغ جیسے بڑے ڈیم بھی بنائے جا سکتے ہیں مگر سیاسی مصلحتیں آڑے آ رہی ہیں۔ اس حوالے سے حکومت کو مضر اثر حلقوں کے تحفظات دور کرنے چاہئیں۔

چوہدری صاحب رلا گئے سب کو


سعداللہ جان برق

یہ ہمارے پنڈی میں ایک چوہدری صاحب ہیں جلیم چوہدری جو پورے سے پورے اور پکے پکے مری تی ہیں، ڈھٹ ڈھٹ کر کہیں سے کوئی ایسی بات لے آتے ہیں جس سے ہمیں رلا دیتے ہیں۔

میر صاحب رلا گئے سب کو
کل وہ نئی تعریف یاں پرلائے تھے

دو بچوں کی وہ کہانی، اب بھی یاد کر کے جھرجھری آ جاتی ہے کہ ایک واقعی اب بھی دنیا میں ایسے انسان پائے جاتے ہیں جو اولاد کی خاطر بھیڑیئے بلا گو کھی پیچھے چھوڑ دیتے ہیں اور وہ بھی اس ملک میں۔ جسے بنانے والوں نے دی بھی قربانیاں لاکھوں جانوں کی۔ کہ کافروں کے ظلم وستم سے دور اپنے بچوں کے لیے ایک امن وامن کی کا گہوارہ بنائیں گے جہاں عزت، آبرو اور جان کی حفاظت کرنے والے چارے کے پھول اگیں گے انصاف وعدل کا بادل برسا ہوگا اور جنت کا حاصل ہوگا۔

بہشت آں جا کہ آزارے نہ باشد
کسے را بکسے کارے نہ باشد

لیکن ہوا کیا؟ ہمیشہ کی طرح "اشرافیہ" ناک میں جے موروں میں پھنسے تھے اور اصلی بنانے والے قلعوں تا سادہ لوح لوگ وہ ادھر ادھر کے قافلے کو یرغمال دے بیٹھے تھے۔

دنیا میں ہمیشہ جب بھی کوئی تحریک اٹھتی ہے تو جدید کمال کے ساتھ اس میں شامل ہو جاتے ہیں اور ہر اول دستہ میں شامل ہو جاتے ہیں اور جیسے ہی موقع ملتا ہے اسے اپنی ڈب پر لے آتے ہیں۔ یہ کچھ ہوچکا ہوتا ہے، تمارے چودھری کے مطابق دنیا دو بچوں پر ختم کی جا چکی تھی اور اصلی والے بگڑے گئے ہیں۔ لیکن کیا واقعی "پکڑے" گئے ہیں؟ ان ملک میں جو قوانین چلتے ہیں جن کو اگر بزرگوں نے "تعزیرات ہند" کا نام دیا تھا اور اب مشرف پر بغاوت کا جو کہ تعزیرات پاکستان کہلاتے ہیں وہ ایک ایسی موم کی ناک ہیں جن کو کوئی بھی گرم ہاتھ جس طرف چاہے موڑ سکتا ہے۔

ہمارا ایک بہت ہی معزز محترم اور بزرگ عزیز ایک دن ہمارے پاس کچھ معزز مہمانوں کو لے آیا تھا، مہمانوں کے ناموں اور اندراج واطوار سے لگتا تھا کہ "خاص" ہیں عوام نہیں۔ مسئلہ یہ تھا کہ ان کا کوئی آدمی قتل کے جرم میں ماخوذ ہوا تھا۔ اور اس قتل میں خود مقتول نے اپنے "بیان نزع" میں اس قتل کا نام لیا تھا، اب قانون کی کتابوں میں "بیان نزع" کی اہمیت بہت زیادہ ہے لیکن کمال کرنے والے اگر کمال پر کریں تو بالکل کیسے کہا نہیں، ان لوگوں کو کہنا تھا "بیان نزع" کے وقت ہوا تھا کہ مرحوم نے ہمارے وکیل کے سوال پر مطلع بیان دے دیا تھا قوباقی کام وکیل کا ہے۔ ڈاکٹر سے وکیل یہ سوال کرے کہ کیا سکرات مرگ کے وقت مرنے والے کا دماغ سو فیصد درست ہوتا ہے یا اس میں کوئی بگاڑ ہو سکتا ہے، ڈاکٹر نے صرف اتنا کہنا ہے کہ دماغ متاثر بھی ہو سکتا ہے۔

اتفاق سے وہ ڈاکٹر ہمارا گہرا دوست بھی تھا اور ہماری طرح باگی بھی، پتہ نہیں ان لوگوں نے اس پر اپنا سارا زور تمام کیا تھا لیکن وہ ان کی مرضی کا بیان رسید تو حاصل نہیں کر پائے، بالکل ہوا اور اب یہ لوگ اس باگی کو مجھ باگی کے ذریعے رام کرنا چاہتے تھے۔ ظاہر ہے کہ ہم بھی باگی تھے چنانچہ نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارا وہ بزرگ ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ناراض ہوگیا کہ باگی ان کی مرضی کی مرضی نہیں کر رہا تھا۔ خلاصہ اس بکواس کا یہ ہے کہ شک زندہ اور شک پیدا کرنے والے پائیدہ۔ اب آپ کیا کہیں گے کہ کیا ہوا ہے اور کیا ہو رہا ہے۔ کیا واقعی یہ لوگ ہمارے دشمن کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں یا ہم ہی اپنے ذہنی میں اسی کہانی کو سچ مان رہے ہیں۔ ہم اپنی اس آنکھ سے یہ دیکھ رہے ہیں۔

اس طرح کے کچھوں میں، ہم اپنی اس آنکھ سے یہ دیکھ رہے ہیں۔

☆.....☆

دہشت گردی اور مہنگائی

اظہر قادر حسن

اس وقت پوٹن عزیز من فتہ الخوارج کی ریڈ روائیاں عروج پر ہیں۔ وہ صوبوں میں آئے روز دہشت گردی کے واقعات تسلسل کے ساتھ ہو رہے ہیں۔ فتہ الخوارج کے خلاف ہماری سکیورٹی فورسز ایک مضبوط دیوار بنے ہوئے سامنے کھڑے ہیں اور قومی جوان شہادت کا رتبہ بھی پا رہے ہیں۔ دہشت گردی کی یہ لہر کیوں ہے، پاکستان کو دہشت گردی دلیوں سے دہشت گردی کا شکار ہے۔

ہمارے مسایے افغانستان میں جاری انتشار نے پاکستان میں دہشت گردی کی ہولناک لہر کو جنم دیا ہے۔ افغانستان کی بگڑتی ہوئی صورتحال بلوچستان کے نام نہاد علیحدگی پسند گروہوں کو زمین فراہم کر رہی ہے جہاں وہ اپنی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور پھر پاکستان کے اندر دہشت گردی کی وارداتیں کرتے ہیں۔ افغان حکومت کی نااہلی اور اس کی کمزور گرفت نے ان گروہوں کو مزید طاقتور بنا دیا ہے، جس کی وجہ سے پاکستان کو سرحد پار سے بڑھتے ہوئے خطرات کا سامنا ہے۔ اس کے علاوہ، ٹی ٹی پی کے جنگجو، جو افغانستان میں پناہ لیے ہوئے ہیں، وہ بھی پاکستان کے اندر حملے کر رہے ہیں۔ یہ دہشت گرد گروہ افغانستان کی سرزمین کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے سیکیورٹی فورسز اور عام شہریوں پر حملے کرتے ہیں۔ ان کے حملوں کا مقصد پاکستان کی ریاست کو کمزور کرنا اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانا ہے۔ ان حملوں کی وجہ سے پاکستان کو اپنی سرحدوں پر سیکیورٹی کے سخت اقدامات کرنے پڑے ہیں، جس سے تجارت اور معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ افغانستان کی عدم استحکام کی صورتحال نے پاکستان کے لیے ایک پیچیدہ چیلنج پیدا کر دیا ہے، جس کے حل کے لیے بین الاقوامی تعاون اور افغان حکومت کے ساتھ مؤثر بات چیت کی ضرورت ہے۔

ہماری سکیورٹی ایجنسیز کی تو بات ہی الگ ہے کہ دہشت گردی کے سدباب میں صرف اور صرف یہی ہیں جن میں وہ جانوں کے نذرانے پیش کرنے کے لیے ایک مشترکہ قومی خالص مرحب کرنے کی اشد ضرورت ہے جس میں ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے قومی مفاد کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

اب تو تمام سیاسی شمول ملک کے سرکردہ سیاسی رہنماؤں اور خاص طور پر خیبر پختون اور غیور پختون کو بھی فتنہ خوارج کے خلاف ایک ہو جانا چاہیے۔ ایک طویل عرصہ سے پاکستان کی سیاست کو کوئی دھماکہ خیز مواد چاہیے تھا جو کہ اب ہاتھ آ گیا ہے۔ اس کے ذریعے پاکستان کی سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے کے خلاف صف آرا کیا جا رہ

www.pakistanpostcanada.com

1

بھی دوگنے ہے خصوص کے پاکستان میں جاپر کاروباری کی زیادہ اور زرعی اصلاحات اس کے بعد کی ہیں۔ اس حوالے سے اب ہے حکومت نے زرعی لگی کا فیصلہ کیا ہے سوال یہ کیا جاتا ہے کہ کیا واقعی ان پر کیا جائے گا؟ اس وقت 75 سال سے ملک زرعی مراعات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں؟ اس قانون کا ایک بڑا مقصد یہ کہ زرعی آمدنی پر ٹیکس لگا کر اسے ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ دوسرا مقصد یہ کہ بڑے زمینداروں کے مختلف ناموں پر تقسیم کر کے کمی کو ختم کیا جائے۔ کسانوں کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے کئی اور اقدامات کئے گئے ہیں۔ ان میں زرعی مراعات سے لطف اندوز ہونے کے لئے آمدنی کا کم از کم 60 فیصد زراعت سے حاصل ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ زرعی آمدنی کا گوشوارہ جمع کرانا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ زرعی آمدنی پر ٹیکس کی شرح بھی کافی کم ہے۔ اس کے علاوہ

اداکارہ روبی نب رضا حمراہ واجگی کے دوران خانہ کعبہ کے سامنے تصویر نگاری ہیں

ایف ایس آر اے کریڈٹ یونین بنکوں یا کریڈٹ یونینوں کیلئے کوالیفائی نہ کرنے والے صارفین کیلئے معلومات

فنانشل سروسز ریگولیٹری اتھارٹی آف اونٹاریو کا مقصد اونٹاریو میں ڈائیورس کمیونٹیز کو ان کے حقوق اور اختیارات کے بارے میں آگاہ کرنا ہے

صارفین کو قرض سے باہر نکلنے کی حکمت عملی اپنانی چاہیے تاکہ وہ جلد از جلد مالی طور پر مستحکم ہو سکیں

How do you picture yourself in retirement?

Discover the value of a pension plan.

Learn More

Putting your interests first.

FSRA

نورانڈو (پاکستان پوسٹ) خاتمہ سروسز ریگولیٹری اتھارٹی آف اونٹاریو (فیبو) نے اپنے پائے ایسے صارفین کی مدد کے لیے تفصیلی معلومات میں کہ جو بنکوں یا کریڈٹ یونینوں سے ہونے والے قرض کی قسطیں نہیں دے رہے ہیں اور مالی بحران کا شکار ہیں۔ فیبو نے آسان زبان میں ایک گائیڈ تیار کی ہے جس میں ان صارفین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنی شخصیات اور ترجیحات کو سمجھ